Eighth India-Armenia IGC Meeting at Yerevan

July 04, 2022

یریوان میں ہندوستان - آرمینیا کےدرمیان آٹھویں بین الحکومتی کمیشن کا اجلاس

04 جولائی، 2022

تجارتی، اقتصادی، سائنسی، تکنیکی، ثقافتی اور تعلیمی تعاون کے حوالے سے ہندوستان- آرمینیا کے درمیان بین الحکومتی کمیشن (آئی جی سی) کا 8 واں اجلاس 04 جولائی 2022 کو یریوان میں منعقد ہوا۔ وزیر خارجہ عالی جناب ارارات مرزویان نے آرمینیائی وفد کی قیادت کی۔ ہندوستانی وفد کی قیادت سکریٹری (مغرب) جناب سنجے ورما نے کی۔ 7ویں بین الحکومتی کمیشن کا انعقاد اپریل 2016 میں ہوا تھا۔ بین الحکومتی کمیشن کی مشاورت سے پہلے، سیکرٹری (مغرب) کا وزیر خارجہ عالی جناب ارارات مرزویان نے باہمی بات چیت کے لئے استقبال کیا۔

بین الحکومتی کمیشن میں، دونوں فریقین نے تجارت، سرمایہ کاری، صحت، سیاحت، انفراسٹرکچر، ثقافت، کنیکٹوٹی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، فن ٹیک اور تعلیم جیسے متنوع شعبوں میں تعاون کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور اس کا جائزہ لیا۔ ہندوستان اور آرمینیا نے ہندوستان کی مالی اور تکنیکی مدد سے آرمینیا میں ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹس پر ایک مفاہمت نامے پر بھی دستخط کئے۔

سکریٹری (مغرب) نے آرمینیا کے نائب وزیر اعظم عزت مآب ہیمبرڈزوم ماتیوسیان سے بھی ملاقات کی۔ سکریٹری (مغرب) نے مہاتما گاندھی کے مجسمے پر پھول چڑھائے۔ بعد ازاں، یریوان اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی (وائی ایس ایم ایو) میں یونیورسٹی کے ریکٹر ڈاکٹر ارمین مرادیان کے ساتھ مہاتما گاندھی آڈیٹوریم کا افتتاح کیا گیا۔ سکریٹری (مغرب) نے وائی ایس ایم یو میں زیر تعلیم ہندوستانی طلباء سے بھی بات چیت کی۔

یریوان، آرمینیا

04 جولائی، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.